DAWOOD UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY

M. A. JINNAH ROAD, KARACHI-74800 (PAKISTAN)
PHONE: 021-99231195-98, 99230307 FAX: 021-99230710

داؤد انجینئرنگ یونیورسٹی میں 6واں جاب فیئر، 60 کمپنیز کی شرکت

نجی قومی و کثیر القوامی کمپنیز نے طلباء کے انٹرویوز کئے، 200 طلباء کو جاب آفر اور اگلے مرحلے کیلئے منتخب

روز گار میلے سے طلباء کو متعلقہ اداروں کے ساتھ روابط قائم کرنے کا سنہری موقع فراہم کیا، ڈاکٹر فیض اللہ عباسی

کراچی: تاریخ: 3 نومبر 2022ء

داؤد یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈائریکٹوریٹ آف انڈسٹریل لائیسن المنائی افیئرز (ڈیلا) کے زیر اہتمام یونیورسٹی کے مرکزی کیمپس میں 6ویں جاب فیئر کا انعقاد کیا گیا جس میں 60 نجی قومی اور بین الاقوامی کمپنیز نے شرکت کی، ان کمپنیز نے تقریباً 2500 سے زائد ذہین اور باصلاحیت طلباء کے انٹرویوز کئے اور 200 طلبہ اور طالبات کو جاب آفر اور انٹرویو یا سلیکشن کے اگلے مرحلے کیلئے منتخب کرلیا گیا۔ روزگار میلے کا مقصد یونیورسٹی سے فارغ التحصیل اور زیر تعلیم طلباء کیلئے بہتر روزگار اور انٹرن شپ کے مواقع پیدا کرنے کے علاوہ انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی سے متعلق انڈسٹریز اور کمپنیز سے روابط قائم کرنے کی سہولت بھی فراہم کرنا تھا۔ جاب فیئر کا افتتاح وائس چانسلر داؤد یونیورسٹی ڈاکٹر فیض اللہ عباسی (تمغہ امتیاز) نے کیا جبکہ پرو وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالوحید بھٹو، اکیڈمک کوآرڈینیٹر ڈاکٹر دوست علی خواجہ، رجسٹرار ڈاکٹر سید آصف علی شاہ، ڈائریکٹر ڈیلا ڈاکٹر داؤد ادریس، نجی کمپنیوں کے عہدیدار، فیکلٹی ارکان بھی موجود تھے۔ روزگار میلے میں انجینئرنگ، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، تعلیم، فنانس، ٹیکسٹائل، بینکنگ، ہیلتھ اور سوشل سیکٹر سمیت دیگر سیکٹر سے تعلق رکھنے والی 60 کمپنیوں نے شرکت کی اور اپنے اسٹال لگائے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر داؤد یونیورسٹی ڈاکٹر فیض اللہ عباسی نے کہا کہ یہ جاب فیئر طلباء کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ روابط قائم کرنے کا سنہری موقع ہے اور یونیورسٹی میں اس طرح کے جاب فیئر آئندہ بھی منعقد کئے جائیں گے تاکہ طلباء کیلئے روزگار کے بہتر مواقع فراہم کئے جاسکیں۔ جاب فیئر کے اختتام پر وائس چانسلر نے جاب فیئر میں حصہ لینے والے اداروں کے نمائندوں اور منتظمین میں تعریفی اسناد تقسیم کیں اور جاب فیئر کو بہترین انداز میں منعقد کرنے پر ڈائریکٹر ڈیلا ڈاکٹر داؤد ادریس، جام یاسر، مجیب ناریجو، اس جونیجو اور دیگر کی کاوشوں کو سراہا۔

محمد کاشف

میڈیا آفیسر

داؤد یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (DUET)